جامعات المدینہ للبنین کے اجیروں کی سالانہ چھٹیوں کی تفصیل

(1) ناظمین جامعہ مقیم وغیر مقیم، ناظمین جامعہ نائٹ کلاسز: 27 شعبان المعظم تا 11 رمضان المبارک اور پھر 27 رمضان المبارک تا 4 شوال المکرم۔

(2) ناظمین جدول: 12 رمضان المبارک تا 04 شوال المکرم، (ناظمین جدول 5 شوال المکرم کو دن 4 بجے سے ڈیوٹی شروع کریں گے، اور ناظمین جدول کی ڈیوٹی کے جن ایام میں طلباء جامعۃ المدینہ میں نہیں ہوں گے تو ان ایام میں انکا اجارہ وقت رکن مجلس و ناظم جدول کی باہمی مشاورت سے تبدیل کیا جا سکتا ہے۔)

نوٹ: ناظم جامعۃ المدینہ کی 27 شعبان تا 11 رمضان اور پھر 27 رمضان تا 4 شوال اور ناظم جدول کی 12 رمضان تا 4 شوال سالانہ تعطیلات ہیں البتہ رکن مجلس/ڈویژن ذمہ دار کی اجازت اور باہمی رضامندی سے ناظم جامعۃ المدینہ ناظم جدول والی اور ناظم جدول ناظم جامعۃ المدینہ والی چھٹیاں کر سکتا ہے اس کے علاوہ اپنی مرضی سے اپنے انداز پر چھٹیاں کرنے کی اجازت نہیں ہے۔ اور یہ اجازت تحریری صورت میں ہوگی۔ (تعطیلات ایڈجسٹ کرنے کی صورت میں حاضری کا طریقہ اپنے متعلقہ اجارہ ذمہ دار سے سمجھ لیا جائے)

(3) مدرسین (درس نظامی و انگلش ٹیچر) و اراکین زون تعلیمی امور (مدنی، عصری درجات): 27 شعبان المعظم تا 05 شوال المکرم،

اور **مدرسین حفظ و ناظرہ** کو یکم رمضان تا 3 شوال المکرم چھٹیاں ہیں۔

(4) 12 دینی کام ذمہ داران اور خود کفالت ذمہ دار جامعۃ المدینہ: ان کو یکم شوال المکرم تا 03 شوال المکرم کے علاوہ اور کوئی سالانہ چھٹی نہیں ہے۔

(5) دفاتر ذمہ داران (کارکردگی و ایچ آر): 12 رمضان المبارک تا 04 شوال المکرم،

(6) خادمین و بواب مقیم ادارہ، طباخ و معاون طباخ: یکم رمضان المبارک تا 04 شوال المکرم،

(7) خادمین و بواب غیر مقیم ادارہ و جامعات المدینہ نائٹ کلاسز: 6 رمضان المبارک تا 04 شوال المکرم،

نوٹ: جن بواب اور طباخ اجیروں سے رمضان المبارک کی تعطیلات نہ دینے پر ایجاب و قبول ہوا ہے ان کو رمضان کی تعطیلات نہیں ہوں گی۔ (ناظمین اپنے ماتحت خادمین، بواب اور طباخ اسلامی بھائیوں کے شرائط فارم میں درج چھٹیوں کی تفصیل لازمی چیک کر لیں ایسا نہ ہو کہ کسی خادم، بواب یا طباخ کو تعطیلات ہوں اور ناظمین انہیں تعطیلات نہ دیں اسی طرح اس کے برعکس، ورنہ ناظمین کو بعد میں آزمائش کا سامنا ہو سکتا ہے)

نوٹ: یہ چھٹیوں کی تفصیل صرف اُن خادمین، بواب، طباخ اور معاون طباخ اجیر اسلامی بھائیوں کی ہے کہ جن کا اجارہ جامعۃ المدینہ کے شرائط فارم کے مطابق ہوا ہے اور جن کا اجارہ فیضان مدینہ مجلس کے شرائط فارم پر ہوا ہے۔ اُن کی چھٹیوں کی تفصیل اُن کے اجارہ شرائط فارم کے مطابق ہی ہوگی۔

یاد رہے! جن جامعات المدینہ میں سالانہ چھٹیوں (یکم رمضان تا 04 شوال) کے دوران خادمین و بواب یا طباخ و معاون طباخ کے کام کرنے کی حاجت ہو تو نگران مجلس جامعات المدینہ بوائز و دیگر ذمہ داران (ڈویژن نگران، مالیات ذمہ دار) کی اجازت اور مجلس اجارہ کی اپروول کے بعد پے رول کے ذریعے ان اجیروں کا یومیہ عارضی اجارہ ہوگا،

مذکورہ طریقہ کار کے بغیر از خود اجیر رکھنے کی صورت میں مشاہرہ ادا نہیں کیا جائے گا۔ اور اسی طرح 27 شعبان المعظم تا 30 شعبان المعظم خادمین و بواب اور طباخ و معاون طباخ کی جامعۃ المدینہ میں حاضری ہوگی ان ایام میں اگر جامعۃ المدینہ میں ان میں سے کسی کے متعلقہ کوئی کام نہیں ہے اور اجیر بھی چھٹی کا تقاضا کریں تو ان کو چھٹی دے دی جائے اور 30 شعبان تک چھٹیوں کے ایام کی ششماہی چھٹیوں اور مشاہرہ میں سے ایڈجسٹمنٹ کٹوتی کی صورت میں کی جائے گی۔ غیر مقیم خادمین و بواب کی تعطیلات "6 رمضان المبارک" سے ہوتی ہیں انہیں بھی اس صورت پر قیاس کر لیں۔

(8) اراکین مجلس مدنی بستہ / گھریلو صدقہ بکس / مدنی عطیات بکس: 27 شعبان المعظم تا 11 رمضان المبارک اور پھر 27 رمضان المبارک تا 4 شوال المکرم۔

(9) رکن کابینہ / ڈسٹرکٹ ذمہ دار / ڈویژن ذمہ دار / صوبائی ذمہ دار / رکن مجلس جامعۃ المدینہ: 12 رمضان تا 04 شوال۔

نوٹ: ڈسٹرکٹ ذمہ دار اور ڈویژن ذمہ دار کی 12 رمضان تا 4 شوال اور صوبائی ذمہ دار اور رکن مجلس کی 27 شعبان تا 11 رمضان اور پھر 27 رمضان تا 4 شوال سالانہ تعطیلات ہیں، البتہ نگران مجلس کی اجازت اور باہمی رضامندی سے صوبائی ذمہ دار / رکن مجلس، ڈسٹرکٹ ذمہ دار / ڈویژن ذمہ دار والی اور ڈسٹرکٹ ذمہ دار / ڈویژن ذمہ دار صوبائی ذمہ دار والی چھٹیاں کر سکتا ہے۔ اس کے علاوہ اپنی مرضی سے اپنے انداز پر چھٹیاں کرنے کی اجازت نہیں ہے۔

خصوصی توجہ "ہر منصب کی چھٹیوں کی تفصیل ہر اجیر کے اجارہ شرائط فارم میں پہلے صفحہ پر موجود ہے، لہٰذا ہر اجیر **"ای ایس ایس"** سے بھی یہ تفصیل چیک کر لے، اگر کسی کی اس اعلامیے میں تعطیلات کے اندراج میں کمی، بیشی ہو، تو اجارہ شرائط فارم میں درج شدہ تعطیلات کا ہی اعتبار ہوگا۔

الحمد للہ عزوجل رمضان المبارک کی آمد آمد ہے، خوب خوب تلاوت قرآن کیجیے اور ساتھ ساتھ رمضان عطیات اور داخلے بھی کیجیے۔ اللہ کریم ہمیں رمضان المبارک کی خوب برکات حاصل کرنے کی توفیق اور دعوت اسلامی میں استقامت عطا فرمائے۔ آمین

والسلام مع الاکرام

تاریخ اجراء: 12 فروری 2026ء، بروز جمعرات